





















اِمامیہ دِینیات

درجہ پنجم



تنظیمُ المکاتِب

أَنَا مَدِيْنَةُ الْعِلْمِ وَعَلِيٌّ بَابُهَا

سلسلۂ نصابِ تعلیم امامیہ مدارس

اِمامیہ دینیات

درجہ پنجم

شائع کردہ

تنظیم المکاتب پاکستان

۵ الف، رضویہ سوسائٹی کراچی نمبر ۱۸

فون نمبر : 6685875

قیمت: ۱۸ روپے

سید نذر عباس
4.8.2010

محمد علی بک ایجنسی (اسلامی ثقافتی مرکز)
امام بارگاہ امام الصادق G-9/2 اسلام آباد۔ 0321-5291921
امام بارگاہ یادگار حسینؑ سٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی۔ 0321-5291922
امام بارگاہ امرا ک چکوال۔ 0543-551611, 0543-422045

معلم کے لئے ہدایات

۱:۔ مشکل الفاظ کے معنی لکھوا کر یاد کرائے جائیں مطلب ذہن نشین کرایا جائے۔

۲:۔ سبق کے بعد ایسے سوالات کئے جائیں جن کے ذریعہ بچہ سمجھا ہوا مفہوم بیان کر سکے۔

۳:۔ سبق کے بعد والے سوالات مختصر لکھوا کر زبانی یاد کرائے جائیں مسائل میں حسبِ ضرورت عملی تعلیم دی جائے۔

اور

(ضروری مسائل یاد کرائے جائیں)

تنظیم المکاتب کے تمام مطبوعات وکتب کے جملہ حقوق الطباعت بحق ادارہ محفوظ ہیں۔
بغیر اجازت کل یا جزء کی اشاعت پر قانونی چارہ جوئی ہوگی۔..........ادارہ

۷۸۶

فہرست مضامین

سبق نمبر	عنوان سبق	صفحہ نمبر	سبق نمبر	عنوان سبق	صفحہ نمبر
	باب اول			باب سوم	
۱	سورۃ الھمزہ	۵	۱۶	دین وشریعت	۴۳
۲	ارشادات معصومینؑ	۷	۱۷	روزہ کے احکام	۴۵
	باب دوم		۱۸	حج	۵۱
۳	مقصد خلقت	۱۰	۱۹	زکوٰۃ	۵۳
۴	خدا کی ذات وصفت	۱۱	۲۰	خمس	۵۶
۵	صفاتِ ثبوتیہ	۱۲	۲۱	جہاد	۵۸
۶	صفاتِ سلبیہ	۱۴	۲۲	محبت ونفرت	۶۰
۷	خدا قادر ومختار ہے	۱۷	۲۳	تقیہ	۶۲
۸	انسان مجبور ہے یا مختار	۱۹	۲۴	میت کے احکام	۶۵
۹	بارہ امامؑ	۲۱	۲۵	متفرق مسائل	۷۳
۱۰	حضرت علیؑ کی خلافت	۲۳		باب چہارم	
۱۱	بارھویں امامؑ	۳۰	۲۶	اطاعت والدین	۷۶
۱۲	نواب اربعہ	۳۳	۲۷	جھوٹ، سود اور غیبت	۷۸
۱۳	برزخ	۳۵		باب پنجم	
۱۴	قیامت	۳۸	۲۸	ہمارے ہادی	۸۳
۱۵	عمل اور حساب	۴۰	۲۹	چند واقعات	۹۹
			۳۰	مقامات مقدسہ	۱۰۲

باب اوّل

قرآن وحدیث

سُورَۃُ الْھُمَزَۃ (معہ ترجمہ)

سُورَۃُ الْمَاعُوْن (معہ ترجمہ)

ارشاداتِ معصومینؑ

سورۃُ الھمزہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ○ الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ○
يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗ اَخْلَدَهٗ ○ كَلَّا لَيُنْبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ○
وَمَا اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ○ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ○ الَّتِيْ تَطَّلِعُ
عَلَى الْاَفْئِدَةِ ○ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ○ فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ○

(ترجمہ)

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

ہر طعنہ دینے والے چغل خور کی خرابی ہے، جو مال کو جمع کرتا ہے اور گن گن کر رکھتا ہے۔ سمجھتا ہے کہ اس کا مال اسے ہمیشہ زندہ و باقی رکھے گا۔ ہرگز نہیں، وہ تو ضرور حطمہ میں ڈالا جائے گا اور تم کو کیا معلوم حطمہ کیا ہے، وہ خدا کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے جو (تلوے سے لگی تو) دلوں تک چڑھ جائے گی، یہ لوگ آگ کے لمبے لمبے ستونوں میں ڈال کر بند کر دیئے جائیں گے۔

سورۃ الماعون

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَرَءَيْتَ الَّذِي يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ O فَذٰلِكَ الَّذِي يَدُعُّ الْيَتِيْمَ O وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ O فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ O الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ O الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ O وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ O

(ترجمہ)

(شروع کرتا ہوں) خدا کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

کیا تم نے اس (شخص کو بھی دیکھا جو روزِ جزا کو جھٹلاتا ہے یہ تو وہی (کمبخت) ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے اور محتاجوں کو کھلانے کے لیے (لوگوں) کو آمادہ نہیں کرتا، تو ان نمازیوں کی تباہی ہے جو اپنی نماز سے غافل رہتے ہیں، جو دکھانے کے واسطے کرتے ہیں اور روزمرہ کی معمولی چیزیں بھی عاریتاً نہیں دیتے۔

ارشاداتِ معصومین علیہم السلام

معرفتِ خدا

حضرت رسولؐ خدا کا فرمان مبارک ہے کہ! "تم میں سب سے بہتر ایمان والا وہ ہے جو سب سے بہتر طور پر خدا کی معرفت رکھتا ہو۔

ایمان کی تعریف

آنحضرتؐ نے فرمایا: ایمان، یعنی دل سے (خدا کو) پہچاننا، زبان سے (اس کا) اقرار کرنا اور اعضاء جوارح سے (اس کے حکم کے مطابق) عمل کرنا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "ایمان وہ ہے جس میں اقرار بھی ہو عمل بھی اور اسلام وہ ہے جس میں صرف اقرار ہو"۔

اسلام

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اسلام کے بارے میں دریافت کیا گیا تو فرمایا: "یہ اللہ کا دین ہے، جس کا نام اسلام ہے۔ یہی دین اس وقت بھی تھا جب تم نہ تھے۔ آج بھی یہی دین ہے اور تمہارے بعد بھی یہی دین رہے گا، تو جو شخص خدا کے دین کا صرف اقرار کرے وہ مسلمان ہے۔ اور جو شخص احکام خدا کے مطابق عمل (بھی) کرے وہ مومن ہے۔

فضیلت قرآن مجید

حضرت رسولؐ اکرم کا ارشاد گرامی ہے کہ قرآن مجید اللہ کی مضبوط رسی، نورِ مبین اور شفاء نافع ہے، اس کی تلاوت کرتے رہو، خداوند عالم اس کی تلاوت پر ہر حرف کے